فوری ریلیز کے لیے: 27/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL کی جانب سے ڈنکرک میں Wells Enterprises کے $425 ملین کے آئس کریم مینوفیکچرنگ توسیعی منصوبے کی تازہ ترین اہم پیش رفت کا جشن

جدید ترین پلانٹ کا رقبہ دوگنا سے زیادہ ہو گیا، اپنی نوعیت کی پہلی چاکلیٹ سہولت متعارف، اور پیداواری گنجائش میں اضافہ

منصوبے سے موجودہ روزگار برقرار رہے گا جبکہ مغربی نیو یارک میں 270 نئی ملازمتیں پیدا ہوں گی، جو آئس کریم اور فروزن نوویلٹی مصنوعات کی بڑھتی ہوئی انواع کو معاونت فراہم کریں گی

ریاست نیو یارک کی سرمایہ کاری گورنر Hochul کے جدید مینوفیکچرنگ شعبے کو وسعت دینے اور مضبوط بنانے کے عزم کو عملی جامہ پہناتی ہے

نئی سہولت کی تصویر یہاں دیکھیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ڈنکرک میں Wells Enterprises (ویلز انٹرپرائزز) کی جدید ترین مینوفیکچرنگ سہولت کی توسیع میں تازہ ترین اہم پیش رفت کا اعلان کیا۔ 425$ ملین کے اس منصوبے کا افتتاح کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں حال ہی میں مکمل ہونے والا ملازمین کا جدید ترین مرکز اور نئی پیداواری لائنیں شامل ہیں۔ یہ سہولت کمپنی کے آئس کریم کے مقبول برانڈز کی پیداواری گنجائش میں نمایاں اضافہ کرتی ہے، مستقبل کی جدت طرازی کے لیے جدید ترین صلاحیتیں متعارف کرواتی ہے، اور پلانٹ کے اندر اپنی نوعیت کی پہلی چاکلیٹ سازی کی سہولت بھی شامل کرتی ہے، جہاں کمپنی کی آئس کریم اور نوویلٹی مصنوعات کے لیے اجزاء تیار کیے جائیں گے۔

"ہم نے چوٹوقوا کاؤنٹی کے مینوفیکچرنگ شعبے میں غیرمعمولی رفتار پیدا کی ہے، اور اس بڑے توسیعی منصوبے میں ہونے والی پیش رفت ڈنکرک اور پورے علاقے کے لیے ایک تاریخی کامیابی ہے"، **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** Wells Enterprises (ویلز انٹرپرائزز) کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے ہم نے اس مقام کو ایک ہائی ٹیک، عالمی معیار کی مینوفیکچرنگ سہولت میں تبدیل کر دیا ہے، جو نیو یارک کے محنت کشوں کے لیے اچھی تنخواہوں والی سینکڑوں ملازمتوں کو محفوظ بنائے گی، مقامی کاروباری شراکت داریوں کو مضبوط کرے گی اور ہمارے محنتی ڈیری فارمرز کو دیرپا فائدہ پہنچائے گی"۔

یہ تاریخی سرمایہ کاری موجودہ تقریباً 380 کل وقتی ملازمتوں کو برقرار رکھتے ہوئے علاقے میں 270 نئی ملازمتیں پیدا کرے گی، جس سے یہ چوٹوقوا کاؤنٹی کی تاریخ میں کسی ایک نجی ادارے کی جانب سے کی جانے والی سب سے بڑی سرمایہ کاریوں میں سے ایک بن جاتی ہے۔ ریاست نیو یارک نے اس منصوبے کے لیے Excelsior Jobs & Investment Program (ایکسلسیئر جابز اینڈ انویسٹمنٹ پروگرام) کے تحت $12 ملین تک کے ٹیکس کریڈٹس اور Empire State Development (ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ) کی جانب سے $6 ملین کی گرانٹ فراہم کی ہے۔ چوٹوقوا کاؤنٹی انڈسٹریل ڈیولپمنٹ ایجنسی (The County of Chautauqua Industrial Development Agency, CCIDA) نے بھی اس منصوبے کو عملی شکل دینے کے لیے اہم مقامی معاونت فراہم کی۔

Wells Enterprises کے COO (چیف آپریٹنگ آفیسر) Nicolas Neykov (نکولس نیکوف) نے کہا، "ہم اپنی جدید ترین نئی ملازمین کی سہولت کے افتتاح کا جشن مناتے ہوئے بے حد پُرجوش ہیں، جہاں ہمارے لوگوں کو وہ جگہ، وسائل اور ٹیکنالوجی فراہم کی گئی ہے جس کے وہ حق دار ہیں۔ یہ سنگِ میل دراصل انہی کے بارے میں ہے، یعنی ہماری ٹیم کے ان ارکان کے بارے میں، جو امریکہ میں آئس کریم کے شعبے میں ترقی کی رہبری کرنے کے ہمارے ہدف اور ہر روز صارفین تک خوشی پہنچانے میں مرکزی کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم ریاست نیو یارک، چوٹوقوا کاؤنٹی اور ڈنکرک کی مقامی آبادی کے اس پورے سفر کے دوران غیرمتزلزل تعاون پر انتہائی شکر گزار ہیں"۔

ڈنکرک میں 810 مین اسٹریٹ پر واقع یہ سہولت تقریباً 350,000 مربع فٹ پر محیط ہے، جو اس کے اصل رقبے سے دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ پلانٹ کی ہائی ٹیک پیداواری لائنیں اس انداز میں تیار کی گئی ہیں کہ مجموعی پیداوار کو سابقہ گنجائش کے مقابلے میں پانچ گنا سے زیادہ تک بڑھایا جا سکے، جس سے کمپنی کی نوویلٹی اور پیک شدہ آئس کریم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی پیداوار کو سہارا ملے گا۔ مکمل شدہ توسیعی منصوبے میں زیادہ پیداواری صلاحیت کی حامل مینوفیکچرنگ لائنیں، ایک مربوط چاکلیٹ کمپاؤنڈ مینوفیکچرنگ سہولت، اور اعلیٰ معیار کے بریک رومز، دفاتر اور دیگر سہولیات شامل ہیں، جنہیں ملازمین کے لیے کام کرنے کا بہترین ماحول فراہم کرنے کی غرض سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اب تک کئی سال پر محیط تعمیراتی عمل کے دوران Wells نے صارفین کی طلب پوری کرنے کے لیے اپنی موجودہ سہولت میں آئس کریم کی مکمل پیداوار جاری رکھی۔ اضافی پیداواری لائنیں مکمل کرنے اور پراسیسنگ کی گنجائش بڑھانے کے لیے تعمیراتی کام اب بھی جاری ہے اور توقع ہے کہ یہ سنہ 2028 میں مکمل ہو جائے گا۔

کمپنی کی بڑھتی ہوئی سرگرمیوں سے شمال مشرقی ڈیری صنعت کو نمایاں فائدہ پہنچے گا۔ توسیع شدہ سہولت سالانہ لاکھوں پاؤنڈ ڈیری مصنوعات استعمال کرتی رہے گی، جبکہ مقامی کھپت میں اضافے کے ساتھ اس مقدار میں بھی مزید اضافے کی توقع ہے۔ صنعتی پیشین گوئیوں کے مطابق امریکہ میں آئس کریم کی منڈی کا حجم نمایاں طور پر بڑھنے کی توقع ہے اور سنہ 2032 تک اس کی تخمینہ شدہ مالیت 28.56 بلین امریکی ڈالر تک پہنچ سکتی ہے، اس اضافے کی بڑی وجوہات فروزن ڈیری ڈیزرٹس کی زیادہ طلب اور ملک میں فاسٹ فوڈ چینز اور ریستورانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد ہیں۔ مزید برآں، ریاست نیو یارک آئس کریم سازی میں ملک بھر میں چوتھے نمبر پر ہے، جہاں تنخواہ دار ملازمین رکھنے والے 51 کاروباری مقامات موجود ہیں، جبکہ آئس کریم کی مجموعی قومی پیداوار کے لحاظ سے ریاست تیسرے نمبر پر ہے۔

Wells Enterprises, Inc. (ویلز انٹرپرائزز انکارپوریٹڈ)، Ferrero Group (فیریرو گروپ) کا حصہ ہے، جو میٹھی اور پیک شدہ غذائی مصنوعات کے شعبے میں عالمی رہنماء ہے اور جس کے معروف برانڈز میں Nutella (نوٹیلا)، Tic Tac (ٹک ٹیک) اور Ferrero Rocher (فیریرو روشر) شامل ہیں۔ امریکہ میں نجی ملکیتی سب سے بڑی آئس کریم بنانے والی کمپنی Wells کی بنیاد سنہ 1913 میں Fred H. Wells (فریڈ ایچ۔ ویلز) نے رکھی تھی اور کئی نسلوں تک اسے Wells خاندان چلاتا رہا۔ آج Wells سالانہ 200 ملین گیلن سے زیادہ آئس کریم تیار کرتی ہے، اپنی مصنوعات تمام 50 ریاستوں میں تقسیم کرتی ہے اور ملک بھر میں تقریباً 4,000 ملازمین کو روزگار فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کی بنیاد لی مارس، آئیووا میں رکھی گئی تھی، جبکہ ڈنکرک میں واقع اس کی سہولت اس کے قومی مینوفیکچرنگ نیٹ ورک میں ایک اہم مرکز کی حیثیت رکھتی ہے، جہاں اس کے بنیادی Blue Bunny (بلو بنی) برانڈ کے ساتھ ساتھ Ferrero (فیریرو) کے عالمی برانڈز، جیسے Nutella Ice Cream (نوٹیلا آئس کریم) اور Kinder Bueno Frozen (کنڈر بیونو فروزن)، کی پیداوار کو معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

توسیع شدہ آئس کریم پلانٹ ڈنکرک ٹاؤن میں واقع Americold (امیری کولڈ) کی کولڈ اسٹوریج ڈسٹری بیوشن سہولت کو بدستور بغیر کسی رکاوٹ کے استعمال کرتا رہے گا، جو علاقے کے لیے رسدی سلسلے کا اہم بنیادی ڈھانچہ فراہم کرتی ہے۔ Americold (امیری کولڈ) کے ساتھ واقع 41$ ملین کے منصوبے کو Excelsior Jobs Program (ایکسلسیئر جابز پروگرام) کے تحت کارکردگی کی بنیاد پر 700,000$ تک کے ٹیکس کریڈٹس فراہم کیے گئے، جس کے بدلے 60 کل وقتی ملازمتیں پیدا کی گئیں۔

ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، سی ای او اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "اس غیرمعمولی مینوفیکچرنگ سہولت کو مکمل طور پر توسیع یافتہ اور فعال حالت میں دیکھنا انتہائی خوش آئند ہے۔ یہ مقامی افرادی قوت، ہمارے اعزاز یافتہ ڈیری سپلائرز اور ریاستی و مقامی سطح پر ہماری مضبوط شراکت داریوں پر مکمل اعتماد کی عکاسی کرتی ہے۔ Wells یہاں ڈنکرک میں مضبوط بنیاد سے جدت طرازی جاری رکھے گی۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی دور اندیشی کی بدولت ہم مستقبل کی مینوفیکچرنگ ملازمتیں یہیں چوٹوقوا کاؤنٹی میں محفوظ بنا رہے ہیں"۔

ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے زراعت Richard A. Ball (رچرڈ اے۔ بال) نے کہا، "یہ تاریخی سرمایہ کاری مختلف مواقع اور وسائل کو بہترین انداز میں آپس میں جوڑنے کی مثال ہے۔ اپنے رقبے کو دوگنا سے زیادہ کرنے اور پیداواری گنجائش بڑھانے کے ذریعے Wells Enterprises اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ ہمارے مقامی کسانوں کے دودھ سے تیار ہونے والی ریاست کی اعلیٰ معیار کی ڈیری مصنوعات ملک بھر کے صارفین تک مسلسل پہنچتی رہیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) اور Wells Enterprises کا مغربی نیو یارک اور ریاست کی زرعی صنعت کی معاونت کے لیے ان کے عزم پر شکریہ ادا کرتا ہوں، یہ صنعت ہماری معیشت کی ایک بڑی محرک قوت ہے اور ہمارے مقامی علاقوں کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے"۔

ڈنکرک کی میئر Kate Wdowiasz (کیٹ وڈوویاز) نے کہا، "ہم ڈنکرک شہر میں Wells Enterprises کی 425$ ملین کی تاریخی سرمایہ کاری کی تکمیل کا جشن مناتے ہوئے بے حد خوش ہیں۔ یہ سہولت ہماری آبادی کے لیے 270 نئی ملازمتیں پیدا کرکے شمالی چوٹوقوا کاؤنٹی کے روشن اقتصادی مستقبل کو محفوظ بنا رہی ہے۔ ہم مل کر طویل المعیاد خوشحالی کی راہ ہموار کر رہے ہیں اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ڈنکرک جدید مینوفیکچرنگ کے ایک اہم مرکز کے طور پر ترقی کرتا رہے"۔

چوٹوقوا کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Paul M. Wendel Jr. (پال ایم۔ وینڈل جونیئر) نے کہا، "Wells Enterprises کی 425$ ملین کی سرمایہ کاری ڈنکرک، چوٹوقوا کاؤنٹی اور اس علاقے کو اپنا گھر کہنے والے لوگوں پر زبردست اعتماد کا اظہار ہے۔ یہ توسیع نہ صرف ہمارے علاقے کی ایک اہم مینوفیکچرنگ سرگرمی کو تقویت دیتی ہے بلکہ یہاں پہلے سے موجود سینکڑوں ملازمتوں کو معاونت فراہم کرتے ہوئے مقامی خاندانوں کے لیے 270 نئے مواقع بھی پیدا کرتی ہے۔ ہمیں فخر ہے کہ ہم نے Wells، ڈنکرک شہر، CCIDA اور ریاست نیو یارک کے ساتھ مل کر اس تاریخی منصوبے کو حقیقت بنایا۔ یہ بالکل اسی نوعیت کی سرمایہ کاری ہے جو ہماری معیشت کو مضبوط کرتی ہے، ہماری ڈیری صنعت کو سہارا دیتی ہے اور چوٹوقوا کاؤنٹی کو آنے والی نسلوں تک مسلسل ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہے"۔

CCIDA کے سی ای او Mark Geise (مارک گائس) نے کہا، "آج کی افتتاحی تقریب Wells Enterprises، ڈنکرک، چوٹوقوا کاؤنٹی اور پورے علاقے کے لیے ایک پُرجوش سنگِ میل ہے، اور ہمیں اس کردار پر بے حد فخر ہے جو CCIDA نے اس تبدیلی ساز منصوبے کو عملی شکل دینے میں ادا کیا اور بدستور ادا کر رہی ہے۔ ہم Wells کی اپنی مقامی آبادی اور افرادی قوت کے ساتھ زبردست وابستگی کے لیے شکر گزار ہیں، جس کے تحت خاندانوں کی کفالت کے قابل سینکڑوں ملازمتیں محفوظ بھی کی گئی ہیں اور نئی ملازمتیں پیدا بھی ہوئی ہیں، جو آنے والے کئی برسوں تک ہمارے علاقے کو فائدہ پہنچائیں گی"۔

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں معلومات

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، اقتصادی ترقی کے لیے نیو یارک کی اہم ترین ایجنسی ہے، اور پوری ریاست میں کاروبار کی ترقی، ملازمتوں کی تخلیق، اور وسیع تر اقتصادی مواقع کو فروغ دیتی ہے۔ ریاست کے 10 علاقوں میں سے ہر ایک میں اپنے دفاتر کے ساتھ ESD وہاں کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز کی نگرانی کرتی ہے، اپنے ConnectALL آفس کے ذریعے براڈ بینڈ مساوات میں معاونت کرتی ہے، اور دفتر برائے اسٹریٹجک ورک فورس ڈویلپمنٹ (Office of Strategic Workforce Development) کے ذریعے مستقبل کی افرادی قوت میں اضافہ کرتی ہے۔ یہ ایجنسی ابھرتی ہوئی اور اگلی نسل کی صنعتوں مثلاً ریاست نیو یارک میں ترقی کے خواہاں کلین انرجی اور سیمی کنڈکٹر مینوفیکچرنگ کے ساتھ تعامل کرتی ہے، چھوٹے کاروباروں کو ترقی کرنے اور کامیاب ہونے میں مدد کے لیے امدادی مراکز کا نیٹ ورک چلاتی ہے، اور I LOVE NY کے ذریعے ریاست کے عالمی معیار والے

سیاحتی مقامات کو فروغ دیتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم esd.ny.gov ملاحظہ کریں اور ESD کے ساتھ Facebook ،LinkedInاور X پر منسلک ہوں۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔